Consulate General of the United States – Karachi, Pakistan

PRESS RELEASE

5دسمبر2013

برائے رابطہ: اینڈریو آرمسٹرانگ، ترجمان

021-35275000

برائے فوری ترسیل

قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کی جانب سے HESCO پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر کا افتتاح

حیدر آباد۔ کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین نے حیدر آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (HESCO) میں قائم کیے گئے پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر کا افتتاح کیا۔ اس پاور ڈسٹری بیوشن سینٹر کا قیام امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (USAID) کے تعاون سے عمل میں آیا ہے جو پاکستانی بجلی گھروں کو بجلی کی فراہمی کے درست اعداد و شمار فراہم کرنے کیلیے 9 ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔

افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل مائیکل ڈاڈمین کا کہنا تھا کہ 'بجلی کی فراہمی کے درست اعداد و شمار سے حیسکو کو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ امریکی حکومت اور عوام توانائی کے بحران پر قابو پانے کیلیے پاکستانی حکومت کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہے ہیں۔' ان کا مزید کہنا تھا کہ 'حکومتی سطح پر قائم بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ تعاون کے ذریعے ان اداروں کے نقصانات میں کمی کے ساتھ ساتھ صارفین کو بجلی کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔'

لوڈشیڈنگ کی بنیادی وجہ بجلی کی پیداوار اور طلب میں عدم توازن ہے لیکن غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی وجہ بجلی کے استعمال کے درست اعداد و شمار کا موجود نا ہونا بھی ہے۔ ان مسائل پر قابو پا کر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بڑی حد تک کم کی جا سکتی ہے۔

پاور ڈسٹری بیوشن پروگرام سے متعلق مزید معلومات کیلیے وزٹ کیجیے:

http://pdip.pk

###